1/2

3/4/18

1-4

بخدمت جناب سیکریڑی الیکشن کمیشن آف پاکستان ، اسلام آباد

میاں فاروق احمد انصاری ولد حاجی محمد صدیق ساکن ہاوس نمبر 156 ، منیر شہید کالونی قصور شہر

(Appellant)

بنام

ڈیلیمیٹشن (Delimitation) کمیٹی پنجاب

(Respondent)

<u>Representation / Appeal Under Section 21 Rule 12 Read With All Enabling Provisions Of The Election Act , 2017 Against The Delimitation By The Respondent.</u>

جناب عالی !

یہ کہ بندہ منیر شہید کالونی قصور شہر (NA-137 قصور-1) کا رہائشی ہے۔

یہ کہ مردم شماری سال 2017 کے حوالے سے ملکی سطح پر قومی و صوبائی اسمبلیوں کے حلقوں کی از سرنو ہونے والی حلقہ بندی کے سلسلہ میں ضلع قصور کے قومی اسمبلی کے حلقہ ,NA-137 قصور-1 و NA-138 قصور-2 اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-175 قصور-2 و PP-176 قصور-3 و PP-182 قصور-9 ، کی حلقہ بندی میں قانونی طور پر بے ضابطگیاں پائی گئی ہیں جن کی درستگی کےلئے مندرجہ ذیل قانونی طور پر عمل تجاویز پر مشتمل اپیل / عزداری جناب کے روبرو اصالتاً دائر کی جارہی ہے۔

یہ کہ قومی اسمبلی کی حلقہ NA-137 قصور-1 کے صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-175 قصور-2 (مصطفے آباد) کے حلقہ کے عین درمیان میں واقع دو پٹوار سرکل کھارہ و لکھنیکے کو نکال کر قومی اسمبلی کے حلقہ NA-138 قصور-2 اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-182 قصور-9 (کوٹرادھاکشن) میں شامل کردیا گیا ہے جبکہ کوٹرادکشن شہر دونوں پٹوار سرکل متذکرہ بالا سے 40 کلومیٹر دور واقع ہے اور قومی اسمبلی کے حلقہ NA-138 متذکرہ بالا کے دوسرے کونے پر واقع قانونگوئی حلقہ عثمان والہ کا پٹوار سرکل گنجہ کلاں دریا ستلج پر واقع ہے یہاں سے دونوں پٹوار سرکل متذکرہ بالا کا فاصلہ تقریباً 75 کلومیٹر بنتا ہے۔

قصورشہر مین فیروز پور روڑ پر واقع ہے اور پٹوار سرکل لکھنیکے فیروزپور روڑ کے مشرق کی جانب انڈین باڈر کی طرف واقع ہے اور پٹوار سرکل کھارا مین فیروز پور روڑ سے ملحقہ مغرب کی جانب پر واقع ہے۔

لہذا پٹوار سرکل کھارا و لکھنیکے کو حلقہ NA-138 قصور-2 و حلقہ PP-182 قصور-9 سے نکال کر حلقہ NA-137 قصور-1 اور حلقہ PP-175 قصور-2 میں شامل کی جانا قرین انصاف ہو گا۔

نوٹ:-نقشہ جاری کردہ دفتر الیکشن کمیشن میں برنگ پیلا ملاحظ کیا جا سکتا ہے۔

0320 [redacted]
6599462

یہ کہ پٹوارسرکل بھیلہ بٹھار کو NA-137 قصور-1 اور PP-175 قصور-2 میں شامل کیا گیا ہے۔ جوکہ بہادر پورہ مین روڑ روہی نالہ کی جانب مغرب کی طرف واقع ہے اور NA-138 قصور-2 و PP-176 قصور-3 کے ساتھ قدرتی طور ملحقہ / جوڑا ہوا ہے۔ لہذا پٹوار سرکل بھیلہ بٹھار کو NA-138 قصور-2 اور PP-176 قصور-3 میں کیا جانا قرین انصاف و قانون ہو گا۔

نوٹ:-

نقشہ جاری کردہ دفتر الیکشن کمیشن میں برنگ سرخ ملاحظ کیا جا سکتا ہے۔

چونکہ پٹوار سرکل بھالہ قانونگوئی بھیلہ بٹھار میں شامل ہے اور صوبائی حلقہ PP-176 قصور-3 میں شامل کیا گیا لیکن قومی اسمبلی کے حلقہ NA-137 قصور-1 کا حصہ بنایا گیا ہے۔ لہذا اس صوبائی حلقہ متذکرہ بالا کو قومی اسمبلی کے حلقہ NA-138 قصور-2 میں شامل کردیا جائے۔ تو اس طرح سے قانونگوئی بھیلہ بٹھار کے تمام پٹوارسرکل NA-138 قصور-2 اور اس کی صوبائی حلقہ PP-176 قصور-3 ہو جائیں گئے۔

نوٹ:-

نقشہ جاری کردہ دفتر الیکشن کمیشن میں برنگ پیلا ملاحظ کیا جا سکتا ہے۔

یہ کہ پٹوار سرکل کالے کو حلقہ NA-138 قصور-2 اور حلقہ PP-176 قصور-3 (کھڈیاں) میں شامل کیا گیا ہے جوکہ قومی اسمبلی کے حلقہ ہذا کے دوسرے صوبائی حلقہ PP-182 قصور-9 سے قدرتی طورپر ملحقہ / جوڑا ہوا ہے لہذا پٹوارسرکل کالے مزکور کو NA-138 قصور-2 کے صوبائی اسمبلی کے حلقہ سے نکال کر دوسرے صوبائی حلقہ PP-182 قصور-9 مین شامل کیا جانا قرین قانون و انصاف ہوگا۔

نوٹ :-

نقشہ جاری کردہ دفتر الیکشن کمیشن میں برنگ پیلا ملاحظ کیا جا سکتا ہے۔

لہذا جناب والا سے بذریعہ اپیل ہذا استدعا ہے کہ

ہر دو پٹوارسرکل کھارا و لکھنیکے کو حلقہ NA-138 قصور-2 و حلقہ PP-182 قصور-9 سے نکال کر حلقہ NA-137 قصور-1 حلقہ PP-175 قصور-2 میں شامل کیا جانا قرین انصاف ہو گا۔

ہر دو پٹوارسرکل بھیلہ بٹھار و بھالہ کو حلقہ قومی اسمبلی NA-137 قصور-1 سے نکال کر NA-138 قصور-2 اور پٹوارسرکل بھیلہ بٹھار کو حلقہ صوبائی اسمبلی PP-175 قصور-2 سے نکال کر حلقہ PP-176 قصور-3 میں شامل کیا جانا قرین انصاف ہو گا۔

جبکہ پٹوارسرکل کالے کو حلقہ NA-138 قصور-2 کی PP-176 قصور-3 سے نکال کر این اے ہذا کی PP-182 قصور-9 میں شامل کیا جانا قرین انصاف ہو گا۔